Nestlé Good food, Good life

Press Release

نیسلے پاکستان نے سال 2022 کیلئے مالی نتائج کا اعلان کردیا، آمدن میں 21.9 فیصد اضافہ ریکارڈ

لاہور:27 فروری، 2023
نیسلے پاکستان نے سال 2022 کیلئے مالی نتائج کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی کی آمدن میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 21.9 فیصد اضافہ ہوا۔

نتائج کا اعلان کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے ہیڈ آفس میں منعقدہ اجلاس کے اختتام پر کیا گیا۔

یہ اضافہ بلند افراط زر، درآمدت کی ادائیگی کیلئے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کی محدود دستیابی اور تباہ کن سیلاب کے باوجود حاصل کیا گیا۔مصنوعات کی دستیابی،برانڈز میں کی گئی سرمایہ کاریوں کی مدد سے جدت تزئین و آرائش کے اقدامات سے مذکورہ بالا چیلنجز سے نبردآزما ہونے میں مدد ملی۔

فروخت میں اضافہ، موزوں پراڈکٹ مکس، قیمتوں کے تعین کا انتظام اور منجمد اثاثوں پر سخت کنٹرول کے نتیجہ میں آپریٹنگ منافع بہتر ہوا۔

کمپنی درآمدات پر پابندی، غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کی محدود دستیابی، مقامی کرنسی پر دباؤ اور ٹیکسوں کی شرح میں اضافہ جیسے بیرونی چیلنجز کے باعث 2023 کیلئے مستقبل کے کاروبارکے بارے میں محتاط رویہ کا اظہار کرتی ہے۔

مذید معلومات کے لیے رابطہ:
محمد راحت حسین
کارپوریٹ پبلک افیئرز اینڈ میڈیا ریلیشنز مینیجر
نیسلے پاکستان
muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com